فوری ریلیز کے لیے: 11/8/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے خوشخبری سنائی ہے کہ اس موسم گرما کے دوران اب تک پورے نیو یارک میں 1.8 ملین سے زیادہ بچوں میں $216 ملین سے زیادہ مالیت کی خوراکی امداد تقسیم کی جا چکی ہے

اہل گھرانے سنہ 2026 کے سمر EBT پروگرام کے ذریعے ہر اہل بچے کے لیے $120 وصول کرتے ہیں

اسکولوں میں موسم گرما کی چھٹیوں کے دوران، سمر EBT اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے صحت بخش کھانوں کی استطاعت پیدا کرنے میں کم آمدنی والے گھرانوں کی مدد کرتا ہے

تقریباً تمام اہل گھرانوں کو فوائد خودکار طریقے سے ملتے ہیں، تاہم کچھ گھرانوں کو 8 ستمبر کی مقررہ تاریخ سے قبل درخواست دینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے؛ درخواست یہاں دستیاب ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج اعلان کیا کہ کم آمدنی والے گھرانوں کے 1.8 ملین سے زیادہ بچوں کو 2026 کے سمر الیکٹرانک بینیفٹس ٹرانسفر (Summer Electronic Benefits Transfer, Summer EBT) پروگرام کے تحت پہلے ہی موسم گرما کی خوراک کی امداد فراہم کی جا چکی ہے، جس کی مجموعی مالیت $216 ملین سے زیادہ بنتی ہے۔ یہ پروگرام اہل گھرانوں کو موسم گرما کے مہینوں میں صحت بخش خوراک کی ادائیگی میں مدد کے لیے فی بچہ $120 مہیا کرتا ہے، جب بہت سے بچے اسکولوں میں ملنے والے مفت کھانوں تک رسائی کھو بیٹھتے ہیں۔

"ایک ایسے وقت میں جب اشیاء ضرورت کی قیمتیں اور دیگر اخراجات آسمان سے باتیں کر رہے ہیں، ہم نے نیو یارک کے لاکھوں گھرانوں کی جیبوں میں پیسے واپس ڈالنے کا عمل جاری و ساری رکھا ہوا ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "جب کہ Trump (ٹرمپ) انتظامیہ عام امریکیوں کے لیے روزمرہ کے اخراجات بڑھا رہی ہے اور خوراک کے امدادی پروگراموں پر حملہ کر رہی ہے، میں خاندانوں کی مدد کرنے اور یہ امر یقینی بنانے پر اپنی توجہ مرکوز رکھ رہی ہوں کہ ہمارے بچے کامیاب ہو سکیں۔"

سمر EBT کے فوائد خاندانوں کو بھیجنے کا عمل موسم خزاں کے دوران اور سال کے آخر تک جاری رہے گا۔ اس کی تکمیل پر، توقع ہے کہ اسکول کی عمر والے تقریباً 2 ملین بچوں کو خوراک کی امداد کی مد میں تقریباً $240 ملین جاری کیے جا چکے ہوں گے۔

زیادہ تر اہل بچوں کو مراعات خود بخود حاصل ہو جاتی ہیں۔ البتہ، کچھ خاندانوں کو درخواست دینے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ نیو یارک کے باشندوں سے گزارش ہے کہ وہ 8 ستمبر کی آخری تاریخ سے قبل اہلیت کے بارے میں مزید معلومات حاصل کریں اور اگر اہل ہوں تو درخواست دیں۔

ریاستی دفتر برائے عارضی اور معذوری کی امداد (Office of Temporary and Disability Assistance, OTDA) کے زیرِ انتظام، سمر EBT ایک وفاقی فنڈ شدہ پروگرام ہے جس کا مقصد ان بچوں میں بھوک اور غذائی عدم تحفظ میں کمی لانا ہے جو موسمِ گرما کے دوران، جب اسکول بند ہوتا ہے، اسکول کے مفت اور کم قیمت کھانوں تک رسائی حاصل نہیں کر پاتے۔ اس موسمِ گرما کے پروگرام کے حصے کے طور پر اسکول جانے والے بچوں پر مشتمل اہل خاندانوں کو $120 فی بچہ کے حساب سے ایک مرتبہ ادائیگی کی جائے گی۔

تحقیق سے ظاہر ہوا ہے کہ موسمِ گرما میں خاندانوں کو غذائی مراعات فراہم کرنے سے بچوں میں بھوک کی شرح کم ہوتی ہے اور بہتر غذائیت کو فروغ ملتا ہے۔ عالمی وبا کے دوران USDA کی جانب سے منعقد کردہ ایک آزمائشی پروجیکٹ سے معلوم ہوا تھا کہ سمر EBT کی وجہ سے شدید غذائی تحفظ کا سامنا کرنے والے بچوں کی تعداد میں ایک تہائی کمی ہوئی تھی۔

اگرچہ واشنگٹن کے ریپبلکنز نے ضرورت مند افراد کی مدد کے لیے بنائے گئے پروگرامز کو کمزور کرنے کی کوشش کی ہے، تاہم گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک میں خاندانوں کے لیے زندگی کو زیادہ قابلِ استطاعت بنانے کی جدوجہد پر مسلسل توجہ مرکوز کر رکھی ہے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے نیو یارک کے شہریوں کے ان ڈالروں کی حفاظت کو جن پر انکا انحصار ہے اپنی ترجیح بنایا ہوا ہے، اور یہ یقینی بنانے کو بھی کہ انہیں اپنے اور اپنے خاندانوں کی بہتری کے لیے ضروری وسائل تک رسائی مل سکے۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے مالی سال 2027 کے ریاستی بجٹ میں مندرجہ ذیل حاصل کیے:

- بھوک سے بچاؤ اور غذائی امداد کے پروگرام (Hunger Prevention and Nutrition Assistance Program, HPNAP) کے لیے $51 ملین، HPNAP کو علاقائی فوڈ بینکس اور پینٹریز تک وسعت دینے کے لیے $15 ملین، اور مالی سال 2027 کے ریاستی بجٹ میں Nourish NY پروگرام کے لیے $55 ملین۔ یہ اس $65 ملین کے علاوہ ہے جس کا اعلان اکتوبر میں ہنگامی غذائی امداد کے لیے کیا گیا تھا اور جو نیو یارک کے اہم ترین فوڈ بینک اور پینٹری شراکت داروں کے نیٹ ورک کو مزید مضبوط کرے گا۔
- مالی سال 2027 کے ریاستی بجٹ میں اسکول میں دیے جانے والے کھانوں کی قیمت کی ادائیگی کے لیے $395 ملین جو سال بہ سال $55 ملین کا اضافہ ہے اور جو (Universal Free School Meals, UFSM) پروگرام کا نفاذ جاری رکھ رہا ہے جسے مالی سال 2026 کے بجٹ میں نافذ کیا گیا تھا۔
- مزید برآں، گورنر کے فنڈنگ کے عہد کے ساتھ نیو یارک ان چند ریاستوں میں شامل ہو گیا ہے جو چپ والی محفوظ EBT کارڈ ٹیکنالوجی کی جانب منتقل ہو رہی ہیں تاکہ SNAP (Supplemental Nutrition Assistance Program) وصول کنندگان کو اسکمنگ سے بچانے میں مدد ملے۔

ریاست نیو یارک کے دفتر برائے عارضی و معذوری میں معاونت کی کمشنر Barbara C. Guinn (باربرا سی گوئن) نے کہا، "Summer EBT ہمارے لیے ایک انتہائی مؤثر اور ضروری ذریعہ ہے تاکہ ہم اسکول جانے والے بچوں کے غذائی عدم تحفظ اور بھوک میں کمی لا سکیں اور یہ امر یقینی بنا سکیں کہ وہ بچے جن کے خاندان اسکول کے دوران مفت ناشتے اور دوپہر کے کھانے پر انحصار کرتے ہیں انکی صحت بخش خوراک تک رسائی تب بھی جاری رہے جب اسکول بند ہوں۔" ہم Summer EBT جیسے پروگراموں کو ترجیح دینے اور پوری ریاست نیو یارک میں بچوں اور خاندانوں کی فلاح و بہبود میں معاونت کرنے والے نیوٹریشن پروگراموں میں تاریخی سرمایہ کاریاں کرنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔"

سینیٹ کے اقلیتی لیڈر Charles E. Schumer (چارلس ای شومر) نے کہا، "کسی بھی بچے کو کبھی بھی بھوکا نہیں رہنا چاہیئے، اور یہی وجہ ہے کہ میں نے ہمیشہ Summer EBT پروگرام کے لیے وفاقی فنڈنگ حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کی۔ میں انتہائی شکر گزار ہوں کہ گورنر Hochul (ہوکل) اس موسم گرما کے دوران پوری ریاست نیو یارک میں تقریباً 1.8 ملین بچوں تک $216 ملین سے زیادہ پہلے ہی پہنچا چکی ہیں۔ چونکہ گروسری کی قیمتوں میں اضافہ مسلسل جاری ہے اور نیو یارک کے بہت سے باشندے اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں جبکہ ریپبلکنز وفاقی غذائی امداد میں مسلسل ظالمانہ کٹوتیاں کرتے چلے جا رہے ہیں جو نافذ بھی ہو رہی ہیں، تو یہ بات پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہو چکی ہے کہ ہم پوری ریاست میں بچوں تک کھانا پہنچانے میں مدد کے لیے ہر وہ ذریعہ استعمال کریں جو دستیاب ہو۔"

سینیٹر Kirsten Gillibrand (کرسٹن گلیبرانڈ) نے کہا، "مجھے Summer EBT پروگرام جیسے اقدامات کی حمایت کرنے پر فخر ہے جو موسم گرما کی چھٹیوں میں نیو یارک کے ایک ملین سے زیادہ بچوں کو صحت بخش کھانوں تک رسائی پانے میں مدد دیتا ہے اور کم آمدنی والے خاندانوں کے لیے گروسری کی آسمان سے باتیں کرتی ہوئی قیمتوں کا دباؤ کم کرتا ہے۔ Trump (ٹرمپ) انتظامیہ کی طرف سے SNAP میں کی جانے والی کٹوتیوں کے

پیش نظر میں ان پروگراموں کے لیے اپنی انتھک جدوجہد جاری رکھوں گی جو یہ امر یقینی بنانے میں مدد کرتے ہیں کہ نیو یارک کا ہر باشندہ اپنی میز پر کھانا رکھ سکے۔"

ہاؤس کے اقلیتی لیڈر Hakeem Jeffries (حکیم جیفریز) نے کہا، "امریکہ میں زندگی حد سے زیادہ مہنگی ہو چکی ہے۔ Donald Trump (ڈونلڈ ٹرمپ) اور انتہا پسند MAGA ریپبلکنز نے غذائی امداد میں امریکہ کی تاریخ میں سب سے بڑی کٹوتی کی ہے جس نے بچوں، بزرگ شہریوں، اور محنت کش خاندانوں کے منہ سے نوالہ چھین لیا ہے۔ میں نیو یارک کے باشندوں کو حقیقی راحت پہنچانے اور یہ امر یقینی بنانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ تقریباً دو ملین بچوں کے پاس اس صحت بخش غذا تک رسائی ہو جس کی انہیں ضرورت ہے۔ ہاؤس ڈیموکریٹس حسب استطاعت امریکہ فراہم کرنے کے لیے گروسری اور گیس کی قیمتیں اور رہائشی اخراجات کم کرنے کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔"

نمائندہ (جیری ناڈلر) نے کہا، "جوں جوں وفاقی حکومت SNAP جیسے اہم پروگراموں میں کمی کرتی جا رہی ہے، ویسے ویسے Summer EBT کی ضرورت بھی بڑھتی چلی جا رہی ہے تاکہ یہ امر یقینی بنے کہ کوئی بھی بچہ بھوکا نہ رہے۔ بچوں کے پاس اپنے خاندان کی آمدنی سے قطع نظر صحت بخش اور غذائیت سے بھرپور کھانوں تک رسائی ہونا لازمی ہے۔ مجھے گورنر Hochul (ہوکل) کے ان اقدامات کی حمایت کرنے پر فخر ہے جن سے یہ امر یقینی بنا کہ نیو یارک کے کئی ملین خاندانوں کے پاس وہ وسائل موجود ہوں جو انہیں اسکولوں کی تعطیلات کے دوران اپنے بچوں کے لیے میز پر کھانا رکھنے کے لیے درکار ہیں۔"

نمائندہ Grace Meng (گریس مینگ) نے کہا، "Summer EBT کے فوائد ان خاندانوں کے لیے ایک شہ رگ کی طرح ہیں جو یہ یقینی بنانے کے لیے اسکولوں کے کھانے کے پروگراموں پر انحصار کرتے ہیں کہ ان کے بچے ناشتہ اور دوپہر کا کھانا کھا سکیں۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کی معترف ہوں کہ انہوں نے پوری ریاست میں بھوک سے لڑنے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہیں اور اسکولوں کے بند ہونے پر غذائیت کا جو خلاء پیدا ہو جاتا ہے وہ اسے پُر کرنے میں مدد کر رہی ہیں۔ اگرچہ واشنگٹن میں بیٹھے ریپبلکنز نیو یارک کے سینکڑوں ہزاروں باشندوں سے غذائی امداد چھین رہے ہیں تاکہ وہ ارب پتی افراد کو ٹیکس میں رعایتیں دے سکیں، تاہم ڈیموکریٹس نے یہ امر یقینی بنانے کا عزم مصمم کیا ہوا ہے کہ ہم کسی بھی بچے کو بھوکا نہیں رہنے دیں گے۔ کانگریس میں، میں کوینز میں پیسہ واپس لانے اور SNAP جیسے وفاقی غذائی امدادی پروگراموں کو مضبوط بنانے کی خاطر لڑنا کبھی نہیں روکوں گی جن پر اتنے بہت سے خاندانوں کا انحصار ہے۔ حکومت کی ہر سطح پر، ڈیموکریٹس یہ امر یقینی بنانے کے لیے کام کرنا جاری رکھیں گے کہ نیو یارک کا کوئی بھی گھرانہ غذائیت بخش کھانے تک رسائی سے محروم نہ رہے۔"

نمائندے Joe Morelle (جو موریل) نے کہا، "ایک ایسے وقت میں جب بہت بڑی تعداد میں لوگ گروسری کی بلند قیمتوں کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں، یہ امداد پورے نیو یارک میں والدین اور بچوں کے لیے ایک حقیقی فرق پیدا کرے گی۔ استطاعت کے بحران سے نمٹنے کے عزم مصمم پر گورنر Hochul (ہوکل) اور ہمارے تمام ریاستی اور کمیونٹی شراکت داروں کا بہت شکریہ۔ ہم اپنے اس مشترکہ کام کا تسلسل جاری رکھنے کے منتظر ہیں۔"

نمائندے Pat Ryan (پیٹ ریان) نے کہا، "محصولات اور Trump (ٹرمپ) کی ایران میں جنگ نے گروسری کی قیمتوں کو قابو سے باہر کر دیا ہے جس سے ہڈسن ویلی کے ان خاندانوں پر بہت نامعقول اور غیر ضروری بوجھ پڑ گیا ہے جو اپنے بلوں کی ادائیگی کرنے اور اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کے لیے دن رات کام میں جتے رہتے ہیں۔ اسکولوں میں دیے جانے والے مفت اور کم قیمت کھانے بہت سے محنت کش خاندانوں کے لیے ایک انتہائی اہم سہارا ہیں اور یہ امر یقینی بناتے ہیں کہ بچے کھانا کھاتے رہیں اور صحت مند رہیں چاہے بجٹ کتنا بھی تنگ کیوں نہ ہو جائے۔ یہ سہولت صرف اس لیے ختم نہیں ہونی چاہیے کہ اسکولوں کی تعطیلات ہیں۔ مجھے نیو یارک پر بجا طور پر فخر ہے کہ وہ آگے بڑھا اور موسم گرما کے دوران مزید خاندانوں کی مدد کر کے انہیں اپنے بچوں کے لیے صحت بخش غذا خریدنے کی استطاعت فراہم کی۔ اب جبکہ میں نے وفاقی سطح پر Trump (ٹرمپ) کی کٹوتیوں کے خلاف لڑائی جاری رکھی ہوئی ہے — بشمول گزشتہ سال SNAP میں کی جانے والی تاریخ کی سب سے بڑی کٹوتی کے

— تو میں گورنر Hochul (ہوکل) کا شکر گزار ہوں کہ وہ اپنے ہاں یہ یقینی بنانے کے لیے کام کر رہی ہیں کہ نیو یارک کے ہر طالب علم کا خیال رکھا جائے۔"

نمائندے Dan Goldman (ڈان گولڈ مین) نے کہا، "زمین کے سب سے امیر ملک میں بچوں کی بھوک ایک سیاسی اور اخلاقی ناکامی ہے۔ میں گورنر Hochul (ہوکل) کا معترف ہوں کہ انہوں نے اس موسم گرما کے دوران 1.8 ملین سے زائد بچوں میں غذائی امداد کے 216$ ملین تقسیم کیے اور محنت کش خاندانوں کے لیے زندگی کا تسلسل جاری رکھنے والی ایک شہ رگ فراہم کی۔ میں وفاقی سطح پر EBT کے فوائد کو بڑھانے اور ان کا تحفظ کرنے کے لیے کام جاری رکھوں گا اور بچوں کی بھوک کے مسئلے کو ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کی خاطر مسلسل جدوجہد کرتا رہوں گا۔"

نمائندے Tim Kennedy (ٹم کینیڈی) نے کہا، "بچوں کو موسم گرما کے دوران جس چیز کے لیے ہرگز فکر مند نہیں ہونا چاہئے وہ یہ ہے کہ ان کا اگلا کھانا کہاں سے آئے گا۔ موسم گرما تو یادیں بنانے، مہارتیں بڑھانے اور آنے والے تعلیمی سال کے لیے تیاریاں کرنے کا موسم ہوتا ہے، لیکن اسکے برعکس گھرانوں کی ایک بہت بڑی تعداد کے لیے غذائیت سے بھرپور اور حسب استطاعت خوراک کا حصول ایک مشکل اور انتہائی مہنگا مسئلہ بن جاتا ہے۔ اگرچہ کانگریشنل ریپبلکنز اور صدر Trump (ٹرمپ) نے غذائی امداد پر اپنے حملے جاری رکھے ہوئے ہیں، تاہم نیو یارک نے یہ عملی مظاہرہ کر دکھایا ہے کہ ہم اس سے مختلف راستہ اختیار کر سکتے ہیں — ایک ایسا راستہ جس میں ہمارے بچوں کو ترجیح دی جائے اور یہ امر یقینی بنایا جائے کہ ہر بچہ وہ غذا حاصل کرے جسکی اسے اپنی نشوونما اور ترقی کے لیے ضرورت ہے، چاہے اسکے خاندان کی آمدنی کچھ بھی ہو۔"

نمائندہ George Latimer (جارج لیٹیمر) نے کہا، "کچھ ریاستوں میں، موسم گرما کی تعطیلات کے دوران بچوں کے پاس روزانہ تین وقت کا کھانا کھانے کی کوئی ضمانت نہیں ہوتی ہے۔ تاہم، نیو یارک میں، اس موسم گرما کے دوران 1.8 ملین سے زائد بچوں کو گورنر Hochul (ہوکل) اور ریاست نیو یارک کے ذریعے غذائی امداد پہلے ہی مل چکی ہے۔ مجھے اس اہم ترین Summer EBT پروگرام کی حمایت کرنے پر فخر ہے اور میں نے سمر میلز فار کڈز ایکٹ (Summer Meals for Kids Act) کو مشترکہ طور پر سپانسر کیا ہے جو Summer EBT کو نیشنل اسکول لنچ پروگرام (National School Lunch Program) کے ساتھ باہم ملا دے گا۔ مجھے اپنی ریاست پر بجا طور پر فخر ہے اور میرا یقین محکم ہے کہ ہمارے پورے ملک میں سبھی بچوں کو یہ فکر کیے بغیر اپنی گرمیاں گزارنی چاہئیں کہ ان کا اگلا کھانا کہاں سے آئے گا۔"

نمائندے John W. Mannion (جان ڈبلیو مانیون) نے کہا، "کسی بھی بچے کو کبھی بھی بھوکا نہیں رہنا چاہیے - نہ تعلیمی سال کے دوران اور نہ ہی موسم گرما میں۔ اسکولوں میں مفت کھانے فراہم کر کے اور Summer EBT جیسے پروگراموں میں توسیع کے ذریعے، نیو یارک نے گھرانوں کو صحت بخش خوراک مہیا کرنے اور بچوں کو تعلیم و تربیت کے لیے تیار کرنے میں بہت اہم اور بڑی پیشرفتیں کی ہیں۔ میں یہ اہم امداد جاری رکھنے پر گورنر Hochul (ہوکل) کا دل سے معترف ہوں، خاص طور سے جب گھرانے اشیاء ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کا بھی سامنا کر رہے ہیں اور SNAP کی ظالمانہ کٹوتیوں کا بھی جنکی میں نے شدت سے مخالفت کی تھی۔"

نمائندے Josh Riley (جوش رائلے) نے کہا، "پوری بالائی ریاست نیو یارک میں گھرانے اشیاء ضروریہ کی بڑھتی ہوئی قیمتوں اور مہنگے اخراجات کی وجہ سے سخت دباؤ میں ہیں، اور موسم گرما کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہونا چاہیے کہ والدین کو بل ادا کرنے اور اپنی میز پر اچھا کھانا رکھنے کے درمیان انتخاب کرنا پڑے۔ میں یہ امر یقینی بنانے کے لیے کہ یہ فوائد پورے نیو یارک کے خاندانوں تک پہنچیں اور بچوں کو وہ صحت مند کھانے ملتے رہیں جنکی انہیں اسکولوں کی تعطیلات کے دوران ضرورت ہے گورنر Hochul (ہوکل) کا تہہ دل سے معترف ہوں۔ میں کانگریس میں اپنی جدوجہد جاری رکھوں گا تاکہ غذائی امداد محفوظ رہے، قیمتیں کم ہوں، اور ہر بچے کو صحت مندی کے ساتھ نشوونما پانے اور طاقتور بننے کا موقع ملے۔"

ریاستی سینیٹر Roxanne J. Persaud (روکزین جے پرساد) نے کہا، "میں گورنر Hochul (ہوکل) اور دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کی انتہائی شکر گزار ہوں کہ انہوں نے اہل بچوں کو موسم گرما کے غذائی فوائد کے لیے 120$ فراہم کرنے کی خاطر ضروری وفاقی فنڈ حاصل کیے، اب مسلسل دوسرے سال بھی۔ Summer

EBT کے فوائد ان خاندانوں کے لیے ایک اہم وسیلہ ہیں جن کے بچے عام طور پر سال کے تقریباً 10 مہینوں کے دوران روزانہ کے تین کھانوں میں سے دو کھانے اپنے اسکولوں میں کھاتے ہیں۔ میری تمام اہل خاندانوں سے گزارش ہے کہ وہ اس فائدے تک رسائی حاصل کریں اور میعاد ختم ہونے سے پہلے اسے استعمال کر لیں۔"

رکن اسمبلی Michaelle C. Solages (مشال سی سولیجز) نے کہا، "Summer EBT پروگرام ہماری ریاست کو درپیش سب سے اہم چیلنجوں میں سے ایک یعنی غذائی عدم تحفظ سے نمٹنے کی جانب ایک بامعنی اور قابل پیمائش اقدام ہے۔ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ Summer EBT جیسے پروگرام، جو ہمارے سب سے غریب و لاچار خاندانوں کی ضروریات کے لیے ہدف کردہ امداد فراہم کرتے ہیں، وہ ایک حقیقی اور پائیدار فرق پیدا کر سکتے ہیں۔ بھوک کا مسئلہ حل کیا جا سکتا ہے، تاہم ایسا کرنے کے لیے فوری قدم اٹھانا، جدت طرازی، اور باہمی تعاون ضروری ہے۔ یہ اقدام ایک منہ بولتا ثبوت ہے کہ ہم ایسے مستقبل کی تعمیر کر رہے ہیں جس میں نیو یارک کے باشندوں کو غذائیت سے بھرپور غذا اور سیکیورٹی تک وہ قابل بھروسہ رسائی ملے جس کے وہ حقدار ہیں۔"

رکن اسمبلی Maritza Davila (ماریٹزا ڈیویلا) نے کہا، "Summer EBT نیو یارک کے تقریباً 2 ملین بچوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ایک ایسی شہ رگ کی مانند ہے جو اسکولوں کی تعطیلات کے دوران صحت بخش کھانا میز پر رکھنے میں مدد کرتی ہے۔ میں یہ امر یقینی بنانے کے لیے گورنر Hochul (ہوکل) کی معترف ہوں کہ خاندانوں کے پاس بھوک سے لڑنے اور زندگی کے بڑھتے ہوئے اخراجات پورے کرنے کے لیے وسائل موجود ہیں۔ اسمبلی سوشل سروسز کمیٹی (Assembly Social Services Committee) کی چیئر کے طور پر، میں یہ یقینی بنانے کے لیے کام کرنا جاری رکھوں گی کہ نیو یارک میں کوئی بھی بچہ بھوکا نہ رہے۔"

رکن اسمبلی Chantel Jackson (چینٹل جیکسن) نے کہا، "موسم گرما کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہونا چاہیے کہ کوئی بچہ صحت بخش کھانا کھائے بغیر رہ جائے۔ Summer EBT ہر اہل بچے کے لیے 120$ براہ راست برونکس کے خاندانوں کے ہاتھوں میں دیتا ہے، جس سے انہیں اس دورانیے میں جب اسکول کے کھانے دستیاب نہیں ہوتے گروسری کی بڑھتی ہوئی قیمتوں سے نمٹنے میں مدد ملتی ہے۔ برونکس کی نمائندہ کی حیثیت میں، جو ریاست نیو یارک کی سب سے غیر صحت مند کاؤنٹی ہے، میں ایسے پروگرامز کے لیے جدوجہد کرنا جاری رکھوں گی جو غذائی تحفظ کو مضبوط بنائیں اور یہ امر یقینی بنائیں کہ ہر بچے کو وہ وسائل میسر ہوں جن کی اسے ضرورت ہے۔"

رکن اسمبلی Jessica González-Rojas (جیسکا گونزالیز روجاس) نے کہا، "موسم گرما بچوں کے سیکھنے، کھیلنے کودنے، اور نشوونما پانے کا وقت ہونا چاہیے نہ کہ ایسا وقت جب خاندانوں کو میز پر کھانا رکھنے اور بلوں کی ادائیگی کے درمیان انتخاب کرنے پر مجبور ہونا پڑے۔ مجھے فخر ہے کہ میں Summer EBT کے لیے جدوجہد کا حصہ بنی جو پورے نیو یارک میں تقریباً 2 ملین بچوں کے لیے ایک اہم سہارا فراہم کرتی ہے اور خاندانوں کو اس عرصے کے دوران اپنے بچوں کو کھانا کھلانے میں مدد فراہم کرتی ہے جب اسکول بند ہوتے ہیں۔ اب جبکہ Trump (ٹرمپ) انتظامیہ سماجی تحفظ نیٹ پر حملے کر رہی ہے اور محنت کش خاندانوں کے لیے گزارا کرنا مشکل سے مشکل تر بنا رہی ہے، تو ایسے میں نیو یارک کو لازماً کھڑا رہنا ہوگا اور ہمارے بچوں کے لیے لڑائی جاری رکھنی ہوگی۔ ہم ایسا مستقبل قبول نہیں کر سکتے جس میں کوئی بھی بچہ اس لیے بھوکا رہے کیونکہ اس کے خاندان کو گزارہ کرنے میں مشکل ہو رہی ہے۔ ہمیں Summer EBT اور SNAP جیسے پروگراموں میں سرمایہ کاری لازماً جاری رکھنی ہوگی، اپنے غذائی تحفظ نیٹ کو مضبوط تر بنانا ہوگا، اور یہ امر یقینی بنانا ہوگا کہ ہر خاندان کے پاس وہ وسائل موجود ہوں جو انہیں ترقی و خوشحالی کے لیے درکار ہیں۔"

رکن اسمبلی Khaleel Anderson (خلیل اینڈرسن) نے کہا، "ریاست کی فوڈ، فارم اور نیوٹریشن پالیسی ٹاسک فورس کے چیئر کے طور پر، میں گورنر اور مقننہ میں اپنے ساتھیوں کا دل سے معترف ہوں کہ انہوں نے Summer EBT پروگرام کو فروغ و وسعت دے کر اس سال تقریباً 2 ملین بچوں کو کھانا کھلانے میں مدد کی۔ مزید برآں، بجٹ مذاکرات کے دوران ہماری مشترکہ کوششوں کی بدولت ہم نے مقامی فوڈ بینکس اور کمیونٹی پینٹریز کو فراہم کرنے کے لیے 125$ ملین سے زائد رقم بھی حاصل کی۔ ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے ہم دنیا کے سب سے امیر ملک کی سب سے امیر ریاست میں بچپن کے زمانے کی بھوک کو ماضی کا بھولا بسرا قصہ بنا سکتے ہیں، اور اسی لیے میں سبھی خاندانوں کو دعوت دے رہا ہوں کہ وہ دیکھیں کہ آیا وہ Summer EBT کے لیے اہل ہیں یا نہیں اور 8 ستمبر سے قبل درخواست دے دیں۔"

رکن اسمبلی Grace Lee (گریس لی) نے کہا، "ایک ایسے وقت میں جب گھرانے گروسری کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہیں، واشنگٹن میں Trump (ٹرمپ) اور ریپبلکنز گھرانوں کے لیے کھانا میز پر رکھنا مشکل سے مشکل تر بناتے چلے جا رہے ہیں۔ Summer EBT ایک ایسا ثابت شدہ پروگرام ہے جو نیو یارک کے تقریباً دو ملین بچوں کو اسکولوں کی تعطیلات کے دوران صحت بخش کھانا فراہم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ میں ایسے پروگراموں کو ترجیح دینے پر گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل جاری قیادت کے لیے انکی مشکور ہوں، اور میں گورنر کے ساتھ مل کر یہ جدوجہد جاری رکھوں گی تاکہ نیو یارک کے باشندوں کو وہ مدد و معاونت ملتی رہے جسکی انہیں اپنی ترقی و خوشحالی کے لیے ضرورت ہے۔"

No Kid Hungry New York کی ڈائریکٹر Rachel Sabella (راشیل سابیلا) نے کہا، "موسم گرما ان خاندانوں کے لیے سال کا سب سے مشکل وقت ثابت ہو سکتا ہے جو پہلے ہی گروسری کے اُن حد سے زیادہ بلوں کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہیں جو ہمارے ملک کو درپیش استطاعت کے بحران کی ایک منہ بولتی علامت بن چکے ہیں۔ Summer EBT نیو یارک میں ہر اہل بچے کے لیے گروسری بینیفٹس کی مد میں $120 فراہم کرتا ہے تاکہ خاندانوں کے لیے ان دنوں میں کھانا خریدنا آسان بنے جب ان کے بچے گرمیوں کی تعطیلات گزار رہے ہوں۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) کے معترف ہیں کہ انہوں نے Summer EBT کے لیے جدوجہد کی جو اب اپنے تیسرے سال میں ہے، اور انہوں اس حقیت کا ادراک کیا کہ خاندانوں کو پورا سال عملی مدد و معاونت کی ضرورت رہتی ہے جس میں ریاست بھر میں اسکولوں میں دیے جانے والے مفت کھانے اور توسیع شدہ چائلڈ ٹیکس کریڈٹ شامل ہے۔ یہ پروگرامز زندگی کی وہ شہ رگیں ہیں جو خاندانوں کو اس وقت مدد فراہم کرتے ہیں جب اخراجات مسلسل بڑھ رہے ہوں۔"

Literacy in Community (LINK) کی ڈپٹی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Eliana Godoy (ایلیانا گوڈوئے) نے کہا، "LINC میں ہم خوب اچھی طرح جانتے ہیں کہ جب بچوں کی بنیادی ضروریات پوری نہیں کی جاتی ہیں، تو نہ وہ سیکھ سکتے ہیں اور نہ ترقی کر سکتے ہیں۔ ہر روزانہ نیو یارک سٹی میں خاندانوں اور کمیونٹیز کے ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے والدین اور دیکھ بھال کرنے والوں کو علم و دانش، ٹولز، اور اعتماد فراہم کرتے ہیں تاکہ وہ اپنے بچوں کی ابتدائی تعلیم اور خواندگی میں ہاتھ بٹا سکیں۔ لیکن خاندان یہ کام اکیلے نہیں کر سکتے۔ غذائیت بھری خوراک تک رسائی بچے کی فلاح و بہبود کے لیے بنیادی اہمیت رکھتی ہے اور یہ ایک عوامی فائدہ ہے جو بچوں کو نشوونما پانے، سیکھنے، اور کامیاب ہونے کے مواقع فراہم کرنے میں مدد دیتا ہے۔ Summer EBT موسم گرما گرمیوں کے مہینوں میں پڑنے والے اضافی مالی دباؤ کو کم کر کے اور والدین کی مدد کر کے گھرانوں کے ایکو سسٹم کو مہمیز دیتا ہے تاکہ یہ امر یقینی بنے کہ بچوں کو وہ غذائیت ملتی رہے گی جس کی انہیں ضرورت ہے۔ ہم گورنر Hochul (ہوکل) کے دل سے معترف ہیں کہ انہوں نے تسلیم کیا کہ جب ہم خاندانوں میں سرمایہ کاری کرتے ہیں اور ان کے اردگرد کے معاون نظاموں کو مضبوط بناتے ہیں، تو دراصل ہم ہر بچے کو کامیابی کے لیے ایک مضبوط بنیاد فراہم کر رہے ہوتے ہیں۔"

اہل بچوں کو ایک EBT کارڈ پر سمر EBT غذائی مراعات حاصل ہوتی ہیں جسے ان کے خاندان بالکل اضافی غذائی معاونتی پروگرام (Supplemental Nutrition Assistance Program, SNAP) کی مراعات کی طرح استعمال کر سکتے ہیں۔ Summer EBT کے غذائی فوائد کو خوراک کے مجاز ریٹیل فوڈ اسٹورز، فارمرز مارکیٹس، اور جہاں کہیں بھی SNAP قبول کیا جاتا ہو وہاں پھل، سبزیاں، گوشت، دلیہ اور اناج، اور ڈیری مصنوعات جیسی غذائیں خریدنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

تمام اہل گھرانوں کو مراعات وصول کرنے سے پہلے ایک خط بھیجا جاتا ہے۔ وہ اہل گھرانے جنہوں نے 2025 میں اپنا Summer EBT کارڈ استعمال کیا تھا، انہیں گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی اسی کارڈ پر یہ فوائد ملیں گے۔ جو بچے 2026 کے پروگرام میں نئے آئے ہیں، یا جنہوں نے 2025 کے اپنے فوائد استعمال نہیں کیے تھے، انہیں ایک نیا کارڈ دیا جائے گا۔ متبادل کارڈز کے بارے میں معلومات کے لیے، سمر EBT ویب سائٹ دیکھیں۔

اہل ہونے کے لیے، بچے کا ایسے اسکول میں جانا ضروری ہے جو قومی اسکول لنچ پروگرام (National School Lunch Program) میں حصہ لیتا ہو اور وہ اسکول کے مفت/کم قیمت کھانوں کے لیے آمدنی کی شرائط پوری کرتا ہو۔

SNAP، عوامی معاونت (Public Assistance) یا Medicaid حاصل کرنے والوں سمیت زیادہ تر اہل بچوں کو Summer EBT خودبخود ملنے لگے گا اور انہیں درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

دیگر اہل خاندانوں کو اپنے بچوں کے لیے مراعات حاصل کرنے کے لیے درخواست دینے کی ضرورت ہو گی۔

یہ مراعات جاری ہونے کی تاریخ سے **122 دن** تک سمر EBT غذائی مراعات کارڈ پر دستیاب رہتی ہیں۔ اس مدت کے بعد استعمال نہ کی گئی تمام مراعات کارڈ سے **ختم** کر دی جاتی ہیں۔ وصول کنندگان کو چاہیئے کہ وہ اپنی مراعات موصول ہونے کے فوراً بعد انہیں استعمال کر لیں۔

مراعات جاری ہونے سے پہلے گھرانوں کو اہلیت کے خطوط ڈاک کے ذریعے بھیجنے، مراعات جاری ہونے کے بعد انہیں استعمال کرنے کے لیے ٹیکسٹ یاد دہانیاں بھیجنے، اور سمر EBT کی دیگر اہم اپ ڈیٹس کے ساتھ ٹیکسٹس اور ای میلز بھیجنے کے علاوہ، OTDA ریاست بھر میں اسکول ڈسٹرکٹس، غذائی معاونت کے حامیوں، اور دیگر کمیونٹی شراکت داروں کے ساتھ کام کر رہا ہے تاکہ سمر EBT کے بارے میں عوامی آگاہی بڑھائی جا سکے۔ OTDA، ریاستی دفتر برائے کسٹمر ایکسپیریئنس (State Office of Customer Experience) اور دیگر ریاستی ایجنسیوں کے ساتھ بین الایجنسی رسائی پر بھی کام کر رہا ہے جس میں ny.gov ویب سائٹ پر اور تھرو وے اتھارٹی (Thruway Authority) کے ریسٹ اسٹاپس، محکمۂ محنت (Department of Labor) کے کریئر سینٹرز، اور ریاست بھر میں محکمۂ موٹر وہیکلز (Department of Motor Vehicles) کے مقامات پر تشہیر شامل ہے، تاکہ خاندانوں تک وہاں پہنچا جا سکے جہاں وہ موجود ہیں اور نیو یارک کے خاندانوں کے لیے اس اہم مراعت کے بارے میں عوامی آگاہی بڑھائی جا سکے۔ رسائی کے مختلف مواد یہاں دستیاب ہیں: https://otda.ny.gov/programs/summer-ebt/school-provider-information/

سمر EBT مراعات اور اہلیت کے بارے میں مزید جاننے یا درخواست دینے کے لیے ny.gov/SummerEBT ملاحظہ کریں۔ موسم گرما 2026 کی مراعات کے لیے درخواستیں، 8 ستمبر 2026 تک جمع کروانا ضروری ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔